# اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ دی سرل کمپنی لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بذریعہ وڈیو لنک بروز پیر ۱۸ مئی ۲۰۲۰ کو دن کے ۱۱:۰۰ بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ آف شاہراہ فیصل، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

## عمومی کارروائی

۱۔ ۲۵ اکتوبر ۲۰۱۹ء کو منعقد کئے گئے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

## خصوصی کارروائی

۲۔ لیونا (Luna) پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ۱۰۰ فیصد جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کے حصول پر غور وخوض اور اس کی منظوری جو بلا واسطہ (بذریعہ لیونز فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ اوبی ایس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ) کی ملکیت ہیں اور اگر درست تصور کیا جائے تو درج ذیل قرارداد کی بطور عمومی قرارداد ترمیم یا بلا ترمیم منظوری دینا۔

**قرار پایا کہ** کمپنی کے ممبران کی منظوری حاصل کی جائے اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے جس کے مطابق یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (یووی پی ایل) سے لیونا پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (**''لیونا''**) کے ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کو حاصل کیا جائے گا جو بلا واسطہ (بذریعہ لیونز فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ) اوبی ایس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (**''اوبی ایس''**) کے ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کی ملکیت ہیں اور یہ اس مجموعی قیمت خرید پر حاصل کئے جائیں جو -/8,600,000,000 پاک روپے (آٹھ بلین چھ سو ملین پاک روپے) کے مساوی ہو اور یہ حصول **یووی پی ایل** کے ساتھ تمام ضروری ریگولیٹری منظوریوں اور گفت وشنید کے حصول سے مشروط اور معاہدے کی شرائط وضوابط اور دستاویزات کو حتمی شکل (**''مجوزہ منتقلی''**) دینے سے مشروط ہے۔ مجوزہ منتقلی کے لئے غور وخوض کے لئے ممکنہ ادائیگی اور اس کو نمٹانے کا طریقہ کار درج ذیل کے مطابق ہوگا:

(i) -/4,250,000,000 روپے (چار بلین دو سو پچاس ملین روپے) کی ادائیگی نقد صورت میں کمپنی کو لیونا کے شیئرز کی منتقلی کے وقت کی جائے گی: اور

(ii) -/4,350,000,000 روپے (چار بلین تین سو پچاس ملین روپے) کی ادائیگی نقد صورت میں ڈیفرڈ ادائیگی کی بنیاد پر کی جائے گی، ایسی صورت میں یہ رقم ۱۲ (بارہ) ماہ کے اندر ادا کرنی ہے اور اس رقم پر کوئی مارک اپ واجب الادا نہ ہوگا اور ایسی صورت میں جب کمپنی اس رقم کو ۱۲ (بارہ) ماہ کے بعد ادا کرے اور ۳۶ (چھتیس) ماہ کے اندر ادا کرنے کی صورت میں واجب الادا رقم کو ۶ ماہ کائی بور + 0.5% سالانہ کی شرح مارک اپ کے ساتھ ادا کرنا ہوگا۔

**مزید قرار پایا کہ** یووی پی ایل (UVPL) کو کمپنی کی جانب سے ایک کال آپشن کی منظوری دی جائے گی کہ وہ لیونا کے 25% (پچیس فیصد) شیئرز کی خریداری کر سکتی ہے یا ایسی صورت میں کہ اوبی ایس اور لیونز آپس میں انضمام کر کے لیونا کے ساتھ شامل ہوں، جبکہ انضمام کا یہ عمل ابھی تکمیل کے مرحلے میں ہے، تو قائم رہنے والا ادارہ مجوزہ منتقلی کے حصے کے طور پر لیونا کے لئے ادا شدہ فی شیئر نرخ/کمپنی کی جانب سے ادا کی جانے والی رقم کے مساوی رقم ادا کر دے۔ یہ آپشن کمپنی کو لیونا کے شیئرز کی منتقلی کی تاریخ سے ۱۲ (بارہ) ماہ کی مدت کے لئے دستیاب رہے گا۔

**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب ایس ندیم احمد اور/ یا کمپنی کے ڈائریکٹر وسیکریٹری جناب زبیر پال والا کو بذریعہ ہذا اختیار دیا جائے اور دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قراردادوں پر عملدرآمد کے ضمن میں وہ تمام کارروائیاں، معاہدے اور اقدامات کے لئے خود مختار ہیں اور اس بارے میں تمام رسمی کارروائی انجام دیں اور تمام قانونی امور کو مکمل کریں اور ایسے تمام ضروری دستاویزات داخل کریں جو اس کے لئے درکار ہوں یا اتفاقی طور پر ان کی ضرورت پڑے۔

۳۔ لیونا میں -/7,200,000,000 پاک روپے (سات بلین دوسوملین روپے) تک کی رقم میں ایکویٹی انویسٹمنٹ پر غور وخوض اور اسے ممکن بنانے کی منظوری دینا جو حبیب بینک لمیٹڈ سے لیونا کی جانب سے حاصل کردہ فنانس کی سہولت کو نمٹانے اور اسے ختم کرنے کے مقاصد (**''مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ''**) کے لئے ہے جس کی مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ کی فنڈنگ ازخود حبیب بینک لمیٹڈ کی جانب سے انتظام کردہ بینکوں اور مالیاتی اداروں کے سنڈیکیٹ سے حاصل فنانس کی سہولت کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی اور اس کے مطابق اگر درست تصور کیا جائے تو درج ذیل قراردادوں پر بطور عمومی قراردادوں کو ترمیم یا بلاترمیم منظور کرنا۔

**قرار پایا کہ** کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ لیونا میں -/7,200,000,000 روپے (سات بلین دوسوملین روپے) تک کی رقم میں ایکویٹی انویسٹمنٹ بھی کرے جو حبیب بینک لمیٹڈ سے لیونا کی جانب سے حاصل کردہ فنانس کی سہولت کو نمٹانے کے مقاصد (**''مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ''**) کے لئے ہے۔

**مزید قرار پایا کہ** مذکورہ بالا مقاصد کے لئے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب سید ندیم احمد اور/ یا کمپنی کے ڈائریکٹر جناب زبیر پال والا کو انفرادی یا اجتماعی طوری پر اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے درج ذیل اقدامات کو بروئے کار لانے کے لئے مجاز اور اختیارات کے حامل ہیں۔

(i) مجوزہ ایکویٹی کو شامل کرنے کے مقاصد کے لئے تمام ضروری دستاویزات اور معاہدے کی شرائط وضوابط کی تیاری، اور ہر گفت وشنید اور ان کی حتمی شکل دینے نیز کمپنی کی جانب سے ان پر مکمل عملدرآمد۔

(ii) مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ کے سلسلے میں مطلوبہ اجازت ناموں کے حصول کیلئے تمام اقدامات اور کارروائی انجام دیں۔

(iii) عمومی طور پر تمام اقدامات، معاہدوں اور امور بشمول مذکورہ بالا قراردادوں کے سلسلے میں درکار تمامتر دستاویزات اور معاہدوں کی تکمیل بمع اس سلسلے میں درکار تمام اتفاقی کارروائیاں اور معاملات۔

## دیگر کارروائی

۴۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

**کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت مذکورہ بالا خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا بیان ممبران کو اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جارہا ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔**

حسب الحکم بورڈ

**زبیر پال والا**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
۲۷اپریل ۲۰۲۰ء

**نوٹ:**

**اے۔ کتاب کی بندش:**

شیئر ٹرانسفر بکس ۱۲ مئی ۲۰۲۰ء تا ۱۸ مئی ۲۰۲۰ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۱۱ مئی ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو موصول ہوجائیں گے انہیں غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

## بی۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت

تمام ممبران کو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کرسکتا/کرسکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، بالمقابل شاہرہ فیصل، کراچی۔اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہوجائیں۔

شیئرز کا کوئی بھی انفرادی بینیفیشل اونر لازماً اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبرز ہمراہ لائیں۔کارپوریٹ ممبران کا کوئی بھی نمائندہ لازماً بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ کے نمونہ دستخط ساتھ لیکر آئے۔سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱ مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ میں درج رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

## سی۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست

ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔اس سلسلے میں برائے مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے ۱۰ روز پہلے جمع کرادیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اطلاع اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۱۰ روز پہلے موصول ہوگئی تو کمپنی وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام اس شہر میں کردے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

| |
|---|
| میں/ہم ____________ سکنہ ____________ بحیثیت ممبر دی سرل کمپنی لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل ____________ |
| عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ____________ بذریعہ ہذا بمقام ____________ |
| وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔ |
| ____________ |
| ممبر کے دستخط |

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ آگاہ کردے گی۔

## ڈی۔ پتے کی تبدیلی

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

## ای۔ شیئر ہولڈرز کے عمومی اجلاسوں کے لئے کورونا وائرس سے تحفظ کی منصوبہ بندی

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۵ بابت ۲۰۲۰ مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۰ کے مطابق کمپنی کو حکومت کی جانب سے عوامی اجتماع پر پابندی کے احکامات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے انتظام کے لئے حفاظتی اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس کے مطابق کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے درج ذیل معلومات فراہم کی جارہی ہیں۔

(i) شیئر ہولڈرز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر اپنے تاثرات تجاویز بذریعہ ڈاک یا کوریئر یا کسی بھی دیگر الیکٹرونک طریقہ کار یا ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے ارسال کردیں۔ اس کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

| | |
|---|---|
| ای میل ایڈریس: | muhammad.suleman@searlecompany.com |
| واٹس ایپ نمبر: | +92 300 2700130 |
| موبائل نمبر: | +92 300 2700130 |
| رجسٹرڈ آفس کا پتہ: | دی سرل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ آف شاہراہ فیصل، کراچی |

(ii) کمپنی کے شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاس عام میں وڈیو لنک کے ذریعے بھی لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں اور اپنے گھروں یا کسی بھی باسہولت مقام سے اجلاس میں شرکت کے لئے رسمی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی میں شریک ہوسکتے ہیں۔

وڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کوائف غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے کم از کم ۲۴ گھنٹے قبل درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو رجسٹرڈ کرادیں۔

**ای میل ایڈریس: muhammad.suleman@searlecompany.com**

لاگ ان کی سہولت ۱۸ مئی ۲۰۲۰ کو صبح ۱۰:۰۰ بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان اجلاس کی کارروائیوں میں شرکت کرسکیں جو ٹھیک ۱۱:۰۰ بجے شروع ہوجائے گا۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ مطلوبہ معلومات درج ذیل فارمیٹ کے مطابق فراہم کریں۔ وڈیو لنک شیئر ہولڈرز کو درج ذیل جدول میں فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کردیا جائے گا:

| نمبر شمار | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر | موبائل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

(iii) موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر شیئر ہولڈرز سے کہا جاتا ہے کہ وہ پراکسیز فراہم کردیں۔

## کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۳۴ کے تحت ضروری حقائق کا بیان

### خصوصی کارروائی:

مجوزہ منتقلی کمپنی کے لئے فروغ کا ایک شاندار موقع فراہم کررہی ہے جو ملک بھر میں ۳۰۰۰ سے زائد میڈیکل نمائندوں کے ساتھ پاکستان کی سرکردہ فارماسیوٹیکل کمپنیوں میں سے ایک ہے۔ کمپنی او بی ایس کے موجودہ پورٹ فولیو میں شاندار ترقی کا موقع دیکھ رہی ہے اور یہ تمام شیئر ہولڈرز کے لئے منافع اور فوائد حاصل کرنے کا راستہ بھی ثابت ہوگی۔ مزید برآں اسی کاروبار میں رہتے ہوئے مجوزہ منتقلی بے مثال آپریشنل قوت حاصل کرنے کے نتائج بھی فراہم کریں گے جس سے کمپنی کے کاروباری استحکام کے ساتھ شیئر ہولڈرز کے لئے فوائد حاصل ہوں گے۔

مجوزہ منتقلی کی ویلیوایشن کے مقاصد کے لئے کمپنی نے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی اور ای وائی فورڈ رہوڈز کی خدمات حاصل کی ہیں اور فروخت کنندہ کے ساتھ ان کی جانب سے تجویز کردہ ویلیوایشنز کے مطابق شرائط پر معاہدہ کیا گیا ہے۔ کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی اور ای وائی فورڈ رہوڈز کی جانب سے تیار کردہ ویلیوایشن رپورٹ کی ایک کاپی منسلک ہذا ہے۔

مجوزہ منتقلی کے بارے میں ارادہ ہے کہ اسے جزوی طور پر حبیب بینک لمیٹڈ کی جانب سے انتظام کردہ بینکوں اور مالیاتی اداروں کے سنڈیکٹ سے فنانس کی سہولت کی دستیابی کے ذریعے فنڈ کیا جائے گا اور اس کے ساتھ باقیماندہ رقم ایک طے شدہ مدت میں ادا کی جائیگی اور کسی صورت میں یہ مدت تین سال ہوسکتی ہے۔

مجوزہ منتقلی کے بارے میں دیگر اضافی معلومات ذیل میں دیکھی جاسکتی ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | گذشتہ ۳ برسوں کیلئے آمدنی فی شیئر | ۳۰ جون ۲۰۱۹ کو ختم ہونے والے سال کیلئے لیونا کا فی شیئر خسارہ ۰ء۰۰۲ شیئر ہے یہ ادارہ ۳ دسمبر ۲۰۱۸ کو تشکیل دیا گیا تھا۔ |
| (ii) | تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات پر منحصر بریک اپ ویلیو فی شیئر | ۳۰ جون ۲۰۱۹ کو ختم ہونے والے سال کے لئے بریک اپ ویلیو ۷ء۹۹ فی شیئر ہے۔ |
| (iii) | مالیاتی پوزیشن بشمول مالیاتی پوزیشن کے اسٹیٹمنٹ کے مین آئٹمز اور اس کے تازہ ترین مالیاتی اسٹیٹمنٹ کی بنیاد پر نفع و نقصان کے اکاؤنٹ | مین آئٹمز درج ذیل کے مطابق ہیں (پاک روپے '000)<br>☆ مجموعی اثاثہ جات : ۱۴،۰۴۷،۲۷۷<br>☆ مجموعی قرضہ جات : ۱۱،۱۴۸،۸۱۴<br>☆ مجموعی ایکویٹی : ۲،۸۹۸،۴۶۲<br>☆ سال کے لئے خسارہ : ٦۵۲ |
| (iv) | وہ نرخ جس پر سیکوریٹیز حاصل کی جائیں گی | لیونا کے شیئرز یو وی پی ایل سے ۲۶ء۴۶ روپے فی شیئر پر حاصل کئے گئے جبکہ ۲۸۸ روپے فی شیئر کی ایکویٹی مع ۲۷۸ روپے فی شیئر لگ بھگ کا پریمیئم اس میں شامل کیا جا رہا ہے۔ |
| (v) | حاصل کی جانیوالی سیکوریٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | لیونا کے ۱۰۰ فیصد شیئرز (۳۲۵،۰۱۰،۰۰۰ شیئرز) حاصل کئے جارہے ہیں جبکہ رائٹ ایشو کے برخلاف اضافی ایکویٹی لیونا میں بھی شامل کی جارہی ہے جس کی مالیت ۲ء۷ بلین روپے ہے (۲۴،۹۹۰،۰۰۰ شیئرز) |
| (vi) | مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل اور بعد ازاں موجود سیکوریٹیز کی تعداد اور فیصد | ٹرانزیکشن سے قبل موجود سیکوریٹیز: NIL<br>ٹرانزیکشن کے بعد موجود سیکوریٹیز: ۳۵۰،۰۰۰،۰۰۰ شیئرز |

مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ کے لئے احترام کے ساتھ یہ بھی آگاہ کیا جاتا ہے کہ اسے لیونا کی جانب سے حبیب بینک لمیٹڈ سے حاصل کردہ موجودہ فنانس کی سہولت کو نمٹانے اور سوئپنگ کے مقاصد کے لئے بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ اس بارے میں ارادہ ہے کہ مجوزہ ایکویٹی انویسٹمنٹ از خود حبیب بینک لمیٹڈ کی جانب سے انتظام کردہ بینکوں اور مالیاتی اداروں کے سنڈیکیٹ سے فنانس کی سہولت کی دستیابی کے ذریعے فنڈز میں اضافے کے ذریعے کی جائے گی اور اسکے مطابق ٹرانزیکشن کے نتیجے میں کمپنی کو لیونا سے فنانس کی سہولت نمٹایا جائے گا اور یہ گروپ پر کسی اضافی قرضے کے بوجھ کے بغیر ممکن ہوگا۔

جناب راشد عبداللہ کے علاوہ، جو یو وی پی ایل کی متعلقہ پارٹی ہیں (جو کسی شبہ کو نظر انداز کرنے کے لئے خصوصی کارروائی پر مشتمل امور پر ووٹ نہیں دیتے)، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے باقیماندہ ممبران خصوصی کارروائی میں کوئی بلواسطہ یا بلاواسطہ مفاد نہیں رکھتے، ماسوائے کمپنی میں ان کی متعلقہ شیئر ہولڈنگ میں توسیع تک ان کی دلچسپی ہے۔